## سوال

(28)قیامت سے پہلے امام مہدی کا ظہور

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

امام مہدی کب آئیں گے اوران کے اوصاف کیاہوں گے؟ نیزاہلحدیث کاامام مہدی کے بارے میں کیامسلک ہے؟ (عطاء اللہ مکوانی، تھرپارکر)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

قرب قیامت نزول عیسیٰ علیہ السلام سے کچھ پہلے امام مہدی خلیفۃ المسلمین بنیں گے۔ ان کانام محمداوروالدکانام عبداللہ ہوگا، وہ فاطمہ بنت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اولادمیں سے ہوں گے۔ (دیکھئے سنن ابی داود: 4284، وھوحدیث صحیح)

لیکن یہ بات واضح رہے کہ وہ کسی غارمیں نہیں ہیں بلکہ پیداہوں گے اورپھر خلافت کی مسند پر بیٹھیں گے۔ (تفصیل کےلیے حافظ ابن کثیر کی کتاب النہایہ فی الفتن والملاحم کامطالعہ کریں۔ (شہادت، اکتوبر1999ء) (الحدیث: 9)

فائدہ:۔

امام مہدی کے بارے میں مفصل، تحقیقی اورعلمی مضمون "ظہورامام مہدی: ایک ناقابل تردید حقیقت" میری کتاب "علمی مقالات" جلددوم میں ملاحظہ فرمائیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاوی علمیہ**

**جلد1۔ کتاب العقائد۔ صفحہ114**